تبصرے

نظریہ دو قرآن پر ایک نظر

از مولانا محمد طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند۔ تقطیع متوسط، ضخامت ۱۱۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ :۔ ادارہ نشر واشاعت دارالعلوم دیوبند ضلع سہارنپور۔

قرآن مجید روحانی اور اخلاقی ہدایت کی کتابِ الٰہی ہے جو یہ بتاتی ہے کہ انسان کو دنیا میں زندگی کس طرح بسر کرنی چاہئیے مگر قرآن انسان کی مادی اور جسمانی زندگی کو بھی نظر انداز نہیں کرتا۔ چنانچہ اس میں جگہ جگہ کائناتِ عالم اور کارگاہِ فطرت میں غور وفکر کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب وتشویق پائی جاتی ہے لیکن یہ سب چیزیں تکمیل نفس اور اتمام شخصیت میں صرف ایک وسیلہ وذریعہ کا حکم رکھتی ہیں اصل مقصد یہی ہے کہ یہ سب کائنات انسان کے لئے پیدا کی گئی ہے اور انسان خود خدا کے لئے پیدا کیا گیا ہے چنانچہ بحیثیت مسلمان کے ہر ایک کا فرض ہے کہ وہ عجائباتِ عالم میں غور کرے۔ رموز وغوامض فطرت کی گرہ کشائی کرے اور عالم طبیعیات کے اسرار سربستہ کا انکشاف کر کے ان سے انسانی معاشرہ کو بہتر بنانے کا کام لے یہ سب چیزیں بہرحال: مقصود بالعرض ہیں مقصود بالذات صرف اوامر ونواہی الٰہی کی پابندی کر کے خلافت ربانی کا فرض انجام دینا ہے اس بنا پر قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق صحیح راہ عمل یہی ہے کہ انسان زندگی کے روحانی اور مادی دونوں پہلوؤں میں توازن وتناسب قایم رکھے اور جس کا جتنا حق ہے وہ اس کو دے آج دنیا جس عظیم تباہی وبربادی کے خطرہ سے دوچار ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ اقبال کے لفظوں میں مغرب کے جس انسان نے سورج کی شعاعوں کو اپنی مٹھی میں پکڑ لیا ہے اس کا نہاں خانۂ دل تیرہ وتار ہے چنانچہ اب مغرب میں خود اس مادہ پرستی کے خلاف ردعمل شروع ہو گیا ہے اور مذہب وروحانیت کے چرچے ہر طرف ہونے لگے ہیں لیکن ہم مشرق والوں کا بعض طبعی اسباب کی بنا